مضامینِ قاضی حسین احمد، مرتبہ: سمیحہ راحیل قاضی۔ ناشر: مادرا پبلشرز، ۶۰-شاہراہ قائداعظم، لاہور۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۲۸۰۔

جناب قاضی حسین احمد گذشتہ ۳۵ برس سے وطنِ عزیز میں دینی و سیاسی سطح پر فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ اوائلِ جوانی سے تحریکِ اسلامی سے وابستہ ہیں اور تقریر و خطابت ان کا خاص میدان ہے۔ حال ہی میں مضامین قاضی حسین احمد منظرعام پر آئی ہے۔ ترجمان القرآن اور دیگر اخبارات و جرائد میں شائع شدہ مضامین، نیز جماعتِ اسلامی پاکستان کے اہم اجتماعات میں ان کی تقاریر میں سے چند ایک کو اس مجموعے میں شامل کیا گیا ہے۔ جن موضوعات پر اظہارِ خیال کیا گیا ہے ان میں 'سیرت رسول کا پیغام'، 'امریکا'، 'عالمِ اسلام'، 'اسلامی تحریکات'، 'پاکستان کو درپیش حقیقی خطرات'، 'مختلف ممالک کے دوروں کے تاثرات' اور ایک اہم خطاب 'آیئے حالات دُرست کریں' شامل ہے۔ بانیِ تحریک سید ابوالاعلیٰ مودودی اور شاعرِ انقلاب علامہ اقبال کے حوالے بکثرت موجود ہیں۔

ان تحریروں کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ صاحبِ تحریر عزم و یقین سے سرشار ہیں اور پوری قوم کو میدانِ جدوجہد میں اُتار کر وطنِ عزیز کو اسلامی ریاست میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ ان میں تجزیہ بھی ہے، مستقبل کی روشنی بھی اور حالات کو سدھارنے کے لیے اسلامی تحریکات کا دست و بازو بننے کی اپیل بھی۔ استعمار، اسرائیل، امریکی جبر و ستم اور پاکستان میں انگریزوں کے شاگردوں کا ذکر کرتے ہوئے مجاہد کی سی گھن گرج کے ساتھ جلوہ نما نظر آتے ہیں، جب کہ دنیا بھر کے مظلوم طبقات اور پاکستان کے بے بس عوام کا ذکر کرتے ہوئے ایک خاص گداز کی کیفیت سے گزرتے محسوس ہوتے ہیں۔ اُن کی تحریر بتاتی ہے کہ وہ نظامِ فرسودہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا چاہتے ہیں۔

مضامین کی عنوان وار درجہ بندی کر لی جاتی تو کتاب مزید مؤثر ہو جاتی۔ یہ ذکر بھی مناسب ہوتا کہ یہ تقریر کس مقام پر کی گئی، انٹرویو کس رسالے کے لیے لیا گیا اور تحریر کس روزنامے/ ماہنامے میں کب شائع ہوئی۔ (محمدایوب منیر)

خونیں تحریکیں، اطہر امرتسری۔ ناشر: طٰہٰ پبلی کیشنز، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۰۴۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

اسلام کی ۱۴۰۰ سالہ تاریخ میں ایسی بے شمار تحریکوں کا ذکر ملتا ہے جو ملوکیت کے خلاف اٹھیں،